Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | پیر، 13 اکتوبر 2025ء، 19 ربیع الثانی 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 192

سعودی پاک جوائنٹ بزنس کونسل وفد کو اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کی پیشکش کی ہے، عظمیٰ بخاری

لائیوسٹاک، مائنز، میٹ، آئی ٹی، ویگیر شعبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا، آئندہ دس روز میں پیشرفت بارے باضابطہ اعلان کیا جائیگا، پی ٹی آئی والے کہہ رہے ہیں ڈی جی آئی ایس پی آر کی پریس کانفرنس عمران خان کیخلاف تھی

آپ کو شرم سے ڈوب مرنا چاہیے عمران خان کا نام آگے ساتھ آ رہا ہے، آپ ان بیانات سے خود عمران خان اور دہشتگردوں کا گٹھ جوڑ بنا رہے ہیں تو اس پر نم کیا کہہ سکتے ہیں صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت

لاہور (این ای این) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعظم مریم نواز شریف نے سعودی پاک جوائنٹ بزنس کونسل کے وفد کو پنجاب میں مختلف شعبوں میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کی پیشکش کی ہے، وفد نے لائیوسٹاک، مائنز، انفارمیشن ٹیکنالوجی، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں اپنی گہری دلچسپی کا اظہار کیا ہے، سعودی پاک جوائنٹ بزنس کونسل کی جانب سے آئندہ دس (بقیہ نمبر 2 9)

لاہور: محکمہ داخلہ میں صوبائی وزراء خواجہ سلمان، رفیق اور سید عاشق حسین کرمانی سول ڈیفنس ریسکیو کے یوٹیوب چینل کا افتتاح کر رہے ہیں

پاک فوج پوری قوم کی عزت، غیرت، عزم اور وقار کی علمبردار ہے، مریم نواز

افغانستان کی جانب سے پاکستانی علاقوں پر بلااشتعال جارحیت کی شدید مذمت

افغان جارحیت کا دلیری سے جواب دینے پر پاک فوج کو زبردست خراج تحسین

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے افغان جارحیت کا دلیری سے جواب دینے پر پاک فوج کو زبردست خراج تحسین (بقیہ نمبر 3 0)

ہمیں ڈیفائن تعلقات کے فیز میں آنا ہوگا، وزیر دفاع

چاہتے ہیں دونوں جانب سے سرحدوں کا احترام ہو، سرحدوں کا احترام نہ کیا گیا تو یہ سلسلہ چلتا رہیگا

راولپنڈی (این ای این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پاک افغان سرحد پر افغان فورسز کی شرانگیزی پر وڈیوز دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں ڈیفائن تعلقات کے فیز میں آنا ہوگا، چاہتے ہیں اگی اور ہماری طرف سے سرحدوں کا (بقیہ نمبر 3)

پاک افغان کشیدگی کے بعد طورخم بارڈر ہر قسم کی آمد و رفت کیلئے بند

طورخم بارڈر کی بندش سے دونوں جانب ہر قسم کی آمد و رفت اور پیدل جانے والے مسافروں کی نقل و حرکت رک گئی

خیبر: کرم (این این آئی) پاک افغان حکام فورسز کے درمیان فائرنگ اور کشیدہ صورتحال کے پیش نظر طورخم بارڈر دونوں اطراف سے تجارتی سرگرمیوں اور مسافروں کی پیدل آمد و رفت کے لیے بند کر دیا گیا۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 3 2)

اسلام آباد ہسپتالوں، مراکز صحت میں ڈیجیٹل نظام فعال

وزیراعظم کی جانب سے کیم جنوری کو منظور کیے گئے پیشل میٹرک اینڈ رجسٹریشن پالیسی فریم ورک پر کام جاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ کی ہدایات پر امراض اور مرکز صحت میں پیدائش اور وفات کی اطلاع کے ڈیجیٹل نظام نے کام شروع کر دیا بہتری اور خامیوں کو دور کرنے کے (بقیہ نمبر 3 1)

پاک افغان سرحد کیساتھ پر بلااشتعال حملے کے بعد پاک فوج کا بزدلانہ حملوں کا منہ توڑ جواب، جوابی کارروائی میں 21 افغان پوزیشنز پر قبضہ کرلیا گیا

پاک فوج کی جوابی کارروائی

200 سے زائد طالبان وخوارج ہلاک

23 جوان شہید 29 زخمی

پاکستان کے سرحدی قائم نے پانے اور سلامتی کے خلاف خطرہ پیدا کرنے والوں کو شکست دینے کی ہماری پختہ ارادہ غیر متزلزل ہے، پاکستانی عوام متشدد اور جنگ جملانے کے بجائے تعمیری سفارت کاری اور مذاکرات کو ترجیح دیتے ہیں

ہم افغان سرزمین کو اپنے خلاف دہشت گردی کیلئے استعمال کرنے کو برداشت نہیں کریں گے، جبکہ طالبان کے وزیر خارجہ کا بھارت کا دورہ جاری تھا، آئی ایس پی آر

فتنہ خوارج اور فتنہ ہندوستان نشلے کے امن اور استحکام کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہیں، افغان قیادت پاکستان مخالف دہشت گردی کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات کرے، دہشت گردی کے خلاف جنگ مشترکہ ذمہ داری ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) پاک فوج کے 23 سپوت شہید اور 29 زخمی ہوئے جبکہ پاک افواج نے اپنے عوام کی جان و مال اور (بقیہ نمبر 4 8)

جانب سے پاکستان پر بلااشتعال حملوں کا موثر جواب دیتے ہوئے 200 سے زائد افغان طالبان اور خارجی ہلاک کردیے، فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے شہید ہونے والے جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے جنگ پاک افواج نے اپنے عوام کی جان و مال اور (بقیہ نمبر 4 8)

لاہور: وزیراعظم مریم نواز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان اپنے قومی خودمختاری اور سلامتی کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے

مفادات علاقائی استحکام کے لیے پاکستان کی جانب سے کشمیر سے متعلق ہر غیر قانونی و جعلی عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے منافی ہے

جموں و کشمیر پر کسی بھی متنازعہ یا گمراہ کن مؤقف کو پاکستان کبھی تسلیم نہیں کرے گا، صدر مملکت آصف علی زرداری

اسلام آباد (اے پی پی): صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے قومی مفادات، علاقائی خودمختاری اور سلامتی کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے، جموں و کشمیر پر کسی بھی متنازعہ یا گمراہ کن مؤقف کو پاکستان کبھی تسلیم نہیں کرے گا، بھارت کی جانب سے کشمیر سے متعلق ہر غیر قانونی و جعلی عالمی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے منافی ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے (بقیہ نمبر 4 9)

لیسکو نے گلبرگ کے علاقے میں لاکھوں روپے کی بجلی چوری پکڑ لی

چینی بنانے والے یونٹ میں ڈائریکٹ سپلائی لائن سے بجلی چوری کی جارہی تھی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے گلبرگ علاقے میں چینی بنانے والے یونٹ پر چھاپہ مار کر لاکھوں روپے کی بجلی چوری کی لم۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 5 0)

اسکیٹنگ ورلڈ اسٹار 2025 میں پاکستان پریمیئر کا افتتاح سفیر فیصل نیاز ترمذی کر رہے ہیں

افغانستان کی سرحد پر بلااشتعال فائرنگ، پاک فضائیہ بھی حرکت میں آگئی

افغانستان کے مختلف علاقوں خصوصاً کابل، پکتیا اور سرحدی پٹیوں پر مسلسل گھنٹ شروع کردیا

اسلام آباد (این این آئی) افغانستان کی سرزمین سے پاکستان پر ہونے والے بلااشتعال حملوں کے بعد پاک فضائیہ حرکت میں آ گئی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع (بقیہ نمبر 5 2)

فیلڈ مارشل کی بہادر افواج نے دشمن کو عبرتناک سبق سکھایا، رانا ثنا اللہ

قیادت ہیں جواب دو وقت کی ضرورت تھی، جس موثر انداز سے جواب دیا، حق یہ بنتا تھا اور یہی تقاضا ہے، اب سیاسی قیادت کو اس موقع پر لیڈ کرنا چاہیے

آئمہ اور میثاق استحکام پاکستان پر جرگہ کو جنیس اور وزیراعظم کی بیٹھک پر بات کریں، ایک مذہبی جماعت خود مارچ کے نام پر احتجاج کر رہی ہے

موقع احتجاج کا نہیں، پاکستان کی افواج اپنے شہداء کے خون کا بدلا لے رہی ہے، ہماری مت سنیں کہ پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہوں اور احتجاج موخر کریں

فیصل آباد (این این آئی) وزیراعظم کے سیاسی امور کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں بہادر افواج نے دشمن کو عبرتناک سبق سکھایا اور ایک چھپے ہوئے دشمن کو لیکن کہنا چاہیے، آئمہ اور میثاق استحکام پاکستان جس موثر انداز سے جواب دیا حق یہ بنتا تھا اور یہی تقاضا ہے، اب سیاسی قیادت کو اس موقع پر سر جوڑ کر جنیس اور (بقیہ نمبر 3 4)

پنجاب ماس انٹرنیشنل تعمیر فیسٹیول کے دوسرے روز کی تقریبات عروج پر

کراچی: وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ اکیسویں میں 124 میں پاکستان لائف اسٹائل فرنیچر اکیسویں فائل کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور آرٹس کونسل الحمراء میں چاری پنجاب ماس انٹرنیشنل تعمیر فیسٹیول اپنے ثقافتی جیتی، خوردش، ثقافتی رنگوں اور عوامی اسٹالوں کی وجہ سے دنیا کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ محکمہ اطلاعات وثقافت پنجاب کی اس کاوش کو ریڈ چڑھ کر سراہا جا رہا ہے۔ فیسٹیول کی سب لاہوری فضاؤں پر سحر طاری ہے، (بقیہ نمبر 5 1)

افغانستان کو ہندوستان کی طرح منہ توڑ جواب دیا جائیگا، محسن نقوی

پاکستان کی بہادر فورسز نے فوری موثر جواب دیکر ثابت کیا ہے کسی بھی اشتعال انگیزی کو قطعاً برداشت نہیں کیا جائے گا

افغانستان آگ و خون کا جو کھیل کھیل رہا ہے اس کے نتائج ہمارے ازلی دشمن سے ملتے ہیں، وفاقی وزیر داخلہ کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے افغانستان کی جانب سے پاکستانی علاقوں پر بلااشتعال فائرنگ کے واقعات کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی بہادر فورسز نے فوری موثر جواب دیکر ثابت کیا ہے کسی بھی اشتعال انگیزی کو قطعاً برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انوار کو اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ افغان فورسز کی شرپسند فائرنگ کا جواب دیکر ثابت کیا ہے کہ پاکستان کی آبادی پر فائرنگ بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ پاکستان کی بہادر فورسز نے فوری موثر جواب دیکر ثابت کیا ہے کہ پاکستان کی آبادی پر فائرنگ (بقیہ نمبر 3 7)

بی آئی ایس پی کے مستفدین کو ڈیجیٹل والٹ منتقل کیا جائیگا

کیش لیس پاکستان سٹریٹجک روڈ میپ کے تحت جون 2026 تک ڈیجیٹل لین دین کے لئے فعال تاجروں کا ہدف 5 لاکھ سے بڑھا کر 15 لاکھ کیا جائے گا

جن کے تحت جون 2026 تک ڈیجیٹل لین دین کے لئے فعال تاجروں میں موجودہ 5 لاکھ تھا اوہ بڑھا کر 15 لاکھ کیا جائے گا، وزارت خزانہ

اسلام آباد (اے پی پی) وزیراعظم پاکستان کے کیش لیس پاکستان سٹریٹجک روڈ میپ کے تحت جون 2026 تک ڈیجیٹل لین دین کے لئے فعال تاجروں کا ہدف 5 لاکھ سے بڑھا کر 15 لاکھ کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ اہم سپورٹ پروگرام کے مستفدین کو ڈیجیٹل والٹ پر تبدیل کیا جائے گا، تمام بی ایس پی فوجی اور پی ٹی کو ڈیجیٹل ادائیگیوں میں تبدیل کیا جائے گا۔ وزارت خزانہ نے ذرائع کے مطابق ڈیجیٹل (بقیہ نمبر 5 3)

سینئر تجزیہ نگار شہزاد قریشی کا مراد خان سے ٹیلی فون پر رابطہ

مراد خان کے والد کی وفات پر اظہار تعزیت اور انتہائی دکھ کا اظہار

کوہستان (قمر شہزاد) مرحوم بندر خان سوانی کی وفات پر سینئر تجزیہ نگار شہزاد قریشی کا وزیراعظم پاکستان کے پرائیویٹ سیکرٹری مراد خان سے ٹیلی فون پر رابطہ ہوا اور انکے والد مرحوم کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اس موقع پر انھوں نے کہا کہ دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو (بقیہ نمبر 4 4)

پاک فوج کے بھرپور جواب سے افغان فورسز بوکھلاہٹ کا شکار

پاکستان سے بھاری جوابی کارروائی روکنے کی درخواست کردی

اسلام آباد (این این آئی) پاک فوج کی جانب سے پاک افغان بارڈر پر افغانستان کی طرف سے بلا اشتعال فائرنگ کے بھرپور جواب کے بعد افغان فورسز بوکھلاہٹ کا شکار ہوگئیں اور انہوں نے پاکستان سے بھاری جوابی کارروائی روکنے کی درخواست کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاک افغان بارڈر پر افغانستان کی طرف سے بلا اشتعال فائرنگ (بقیہ نمبر 5 4)

لاہور سے تمام موٹرویز کو کھول دیا گیا، بڑوں شہروں کے راستے کھلنا شروع

ایکسپریس وے پر ٹریفک بحال، اسلام آباد کا ریڈ زون بدستور سیل ہے

اسلام آباد/راولپنڈی/لاہور (این این آئی) مذہبی جماعت کے احتجاج کے پیش نظر بند کیے گئے تمام موٹرویز کو کھول دیا گیا، بڑوں شہروں میں راستے (بقیہ نمبر 4 5)

محنت کش قطبیل کے روزندکانوں کے سامنے زمین پر ذرائی فروٹ فروخت کرنے کیلئے بیٹھے ہوئے ہیں

ایران کی پاک، افغان کشیدگی کم کرانے کیلئے ثالثی کی پیشکش

تہران (این این آئی) ایران نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان حالیہ کشیدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے معاملے کے حل کے لیے ثالثی کی پیشکش کی ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے (بقیہ نمبر 5 5)

پاکستان ترکیہ ہر آزمائش میں شانہ بشانہ کھڑے ہیں

ترکیہ کے گرینڈ نیشنل اسمبلی کے اسپیکر نعمان کرتولموش کی سہ فریقی اسپیکرز میٹنگ کیلئے پاکستان آمد

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اسلام آباد ائیرپورٹ پر معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) تیسرے سہ فریقی اسپیکرز اجلاس میں شرکت کے لیے ترکیہ کی گرینڈ نیشنل اسمبلی کے اسپیکر نعمان کورتولموش پاکستان پہنچ گئے۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اسلام آباد ائیرپورٹ پر معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اسپیکر ترکیہ گرینڈ نیشنل اسمبلی کو خوش آمدید کہا اور معزز مہمان پھولوں کا گلدستہ بھی پیش کیا۔ بعد ازاں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور اسپیکر گرینڈ نیشنل اسمبلی آف ترکیہ جناب نعمان کورتولموش کے درمیان مختصر ملاقات ہوئی۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ سہ فریقی اسپیکرز اجلاس میں آپ کی شرکت ہمارے (بقیہ نمبر 5 6)

لانگان: امیر جماعت اسلامی سندھ کا شاف سعید شیخ الخدمت فاؤنڈیشن کے تقریر ڈسٹلی دفتر کے افتتاح کے بعد دعا کرا رہے ہیں

پاکستانی فورسز کے بھاری ہتھیاروں کے استعمال کی ویڈیو منظر عام پر آگئی

اسلام آباد (این این آئی) پاک افغان بارڈر پر بلااشتعال فائرنگ کے بعد جوابی کارروائی کے دوران پاکستانی فورسز کے بھاری ہتھیاروں (بقیہ نمبر 3 5)

افغانستان بھارت مشترکہ اعلامیہ کی پرزور الفاظ میں مذمت

پاکستان مخالف بیانات کو مشترکہ اعلامیوں کی شکل دی جارہی ہے، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ افغانستان بھارت مشترکہ اعلامیہ پر دفتر خارجہ نے واضح دو ٹوک موقف دیا ہے۔ انوار کو سماجی رابطے کی پلیٹ فارم ایکس پر اپنی ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ یہ قابل غور (بقیہ نمبر 3 4)

وزیراعظم شہباز شریف کی نواز شریف سے ملاقات

ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

ملائیشیاء کے وزیراعظم انور ابراہیم کا نیک خواہشات کا پیغام بھی دیا، ملاقات میں اسحاق ڈار، مریم نواز بھی شریک تھے

افغانستان کی اشتعال انگیزی پر بھی بات چیت کی گئی، موثر اور بھرپور پر پاکستان کی افواج کو خراج تحسین پیش کیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جاتی امراء وائے وڈ میں پاکستان سلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف کو اپنے دورہ ملائیشیاء کے حوالے سے تفصیلی آگاہ کیا موضع پر جناب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور وزیر اطلاعات و ثقافت مریم نواز بھی موجود تھیں۔ وزیراعظم نے نواز شریف کو اپنے دورہ ملائیشیاء کے دوران وزیراعظم انور ابراہیم کا نیک (بقیہ نمبر 3 6)

لاہور: وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ وزیراعظم کے پرنسپل سیکرٹری مراد علی سوانی کے والد نذیر خان سوانی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کر رہے ہیں

حکومت کا سائنس مضامین کے اساتذہ بھرتی کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے سائنس مضامین کے تدریسی عملے کی تشریک بنیادوں پر تقرری کا فیصلہ کرلیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے تشریک پر اساتذہ کی بھرتی کی منظوری دے دی، بنیادی سائنسز اور ٹیکنیکل سائنسز کے شعبہ جات میں اساتذہ تقینات کے جائیں گے۔ تقرری کی مدت تین سال ہوگی،

افغانستان کو ہندوستان کی طرح منہ توڑ جواب دیا جائیگا، محسن نقوی

پاکستان کی بہادر فورسز نے فوری موثر جواب دیکر ثابت کیا ہے کسی بھی اشتعال انگیزی کو قطعاً برداشت نہیں کیا جائے گا

افغانستان آگ و خون کا جو کھیل کھیل رہا ہے اس کے نتائج ہمارے ازلی دشمن سے ملتے ہیں، وفاقی وزیر داخلہ کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے افغانستان کی جانب سے پاکستانی علاقوں پر بلااشتعال فائرنگ کے واقعات کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی بہادر فورسز نے فوری موثر جواب دیکر ثابت کیا ہے کسی بھی اشتعال انگیزی کو قطعاً برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انوار کو اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ افغان فورسز کی شرپسند فائرنگ کا جواب دیکر ثابت کیا ہے کہ پاکستان کی آبادی پر فائرنگ بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ پاکستان کی بہادر فورسز نے فوری موثر جواب دیکر ثابت کیا ہے کسی بھی اشتعال انگیزی کو قطعاً برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انوار کو اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ افغان فورسز کی شرپسند فائرنگ کا جواب دیکر ثابت کیا ہے کہ کسی بھی اشتعال انگیزی (بقیہ نمبر 3 7)

لیسکو کو بجلی چوروں سے 1 ارب 35 کروڑ کا خسارہ ہونے کا انکشاف

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کو بجلی چوروں سے واجبات اور بلز کی وصولیوں کی مد میں 1 ارب 35 کروڑ روپے کا خسارہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ کمپنی نے کرشنہ دو سال کے دوران 26 ہزار سے زائد بجلی چوروں کے خلاف مقدمات دج درج (بقیہ نمبر 3 8)

نوٹ: مشیر سرمایہ کاری بورڈ فیروز شاہ اور کنٹیز فیصلہ شاہ کا جاپانیہ ہیڈ کوارٹر ٹوکیو دورے کے موقع پر سٹاف کے ہمراہ گروپ فوٹو

یونیسکو میں غلط خبروں سے متعلق حق پاکستان تجاویز منظور

برسلز (این این آئی) یونیسکو نے گمراہ کن معلومات اور نفرت انگیز مواد کے حوالے سے پاکستان تجاویز منظور کر لی گئی ہیں۔ یونیسکو نے غلط اور گمراہ کن معلومات اور نفرت انگیز مواد کے انسداد کیلئے آزادی اظہار رائے کے تحفظ اور ڈیجیٹل دور میں معلومات (بقیہ نمبر 3 9)

پی ٹی آئی نے اپنے 80 ارکان کو وزیراعلیٰ ہاؤس میں پابند کردیا

کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے بچنے کے لیے اراکین کو وی ایم ہاؤس میں ٹھہرایا گیا ہے

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ کے پی انتخاب کے سلسلے میں تحریک انصاف نے اپنے 80 ارکان کو وزیراعلیٰ ہاؤس پشاور میں پابند کر دیا۔ ذرائع کے مطابق 80 سے زیادہ پی ٹی آئی اراکین اسمبلی کو وی ایم ہاؤس میں ٹھہرایا گیا ہے، 5 سے 10 ایم پی ایز گھروں (بقیہ نمبر 4 0)

چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایت پر راول ڈیم کے اطراف بھرپور صفائی مہم کا آغاز

سی ڈی اے کی سولڈ ویسٹ مینجمنٹ ڈائریکٹریٹ کا راول ڈیم کے اطراف کوڑا کرکٹ ٹھکانے کیلئے صفائی آپریشن تیزی سے جاری ہے

راول ڈیم کے اطراف واقع ریسٹورانٹوں، ہاؤسنگ سوسائٹیز اور کمرشل مراکز کو گندگی پھیلانے پر چالان جاری کرنے کا سلسلہ بھی شروع

سول سوسائٹی وطلباء اس صفائی مہم میں شامل ہو کر سی ڈی اے کا ساتھ دیں اور صاف ستھرے ماحول کو یقینی بنائیں، چیئرمین سی ڈی اے

گندگی پھیلانے والے عناصر کے خلاف شکایات کا اندراج سی ڈی اے ہیلپ لائن 1334 پر کرواسکتے ہیں

اسلام آباد: (نمائندہ عوامی للکار): چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رانا جدید ہدایات پر راول ڈیم کے اطراف بھرپور صفائی مہم کا آغاز کر دیا گیا

راول ڈیم کے اطراف بھرپور صفائی مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلہ میں سی ڈی اے کی سولڈ ویسٹ مینجمنٹ ڈائریکٹریٹ کا راول ڈیم کے اطراف کوڑا کرکٹ ٹھکانے کیلئے صفائی آپریشن تیزی سے جاری ہے۔ واضح رہے راول ڈیم کے اردگرد گھروں (بقیہ نمبر 4 1)

چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رانا جدید ہدایات پر راول ڈیم کے اطراف بھرپور صفائی مہم کا آغاز کر دیا گیا

رحیم یار خان میں مارے گئے طیبی بٹ کی لاش لاہور پہنچا دی گئی

سی سی ڈی ٹیم کی موجودگی میں پوسٹمارٹم کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کی گئی

لاہور (این این آئی) سینئر پولیس مقابلے میں مارے جانے والے خاندان کے پرانے رکن طیبی بٹ کے لاش رحیم یار خان سے لاہور آ پہنچا گئی جہاں عزیز و اقارب کی بڑی (بقیہ نمبر 4 6)

شروع افغانستان نے کیا آخری اور یادگار سبق پاکستان دے گا

افغانستان نے بھارت کی ''بے بک'' سے ایک حربہ اپنایا کہ فائرنگ کم، اور شور زیادہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے سیکیورٹی ذرائع نے کہا ہے کہ اس ڈرامے کا آغاز پاکستان دے گا۔ (بقیہ نمبر 4 7)

MEMBER WUOJ
ABC Certified
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

اشاعت خاص

تحریر: محمد فیصل ندیم

پنجاب میں سرمایہ کاری کا نیا دور

مریم نواز شریف کا وژن اور سعودی دلچسپی کا پیغام"

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا وژن: پنجاب کو صنعتی، تجارتی اور سرمایہ کاری کا مضبوط مرکز بنانے کی عملی جدوجہد

پاک سعودی جوائنٹ بزنس کونسل کا قیام اور لاہور میں تاریخی ایم او یو ایک نئے معاشی عہد کا آغاز

سات بڑے شعبوں میں سعودی سرمایہ کاری کا اعلان صوبہ پنجاب کے معاشی مستقبل کے لیے خوش آئند پیش رفت

بادشاہی مسجد کے عالمگیری گیٹ کے سامنے ہونے والی تقریب روحانی فضا میں تاریخی معاہدے کی علامتی اہمیت

"زیرو ٹائم ٹو اسٹارٹ "منصوبے، سرمایہ کاروں کو درپیش طویل اجازت ناموں اور تاخیری کارروائیوں سے نجات دلاتا ہے۔ یہی وہ اقدام ہے جو کسی بھی صوبے کو سرمایہ کاری کے لحاظ سے پرکشش بناتا ہے۔ سعودی سرمایہ کاروں کی جانب سے پنجاب کے سات بڑے شعبوں میں دلچسپی اس بات کا واضح اشارہ ہے کہ بین الاقوامی سرمایہ کار پاکستان میں اعتماد کی فضا محسوس کر رہے ہیں۔ ان شعبوں میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، مائنز اینڈ منرلز، ریئل اسٹیٹ، ہوٹل انڈسٹری، ہیلتھ کیئر، ٹرانسپورٹ، ایگریکلچر اور لائیو سٹاک شامل ہیں۔ یہ وہ شعبے ہیں جن میں سرمایہ کاری سے روزگار کے لاکھوں مواقع پیدا ہو سکتے ہیں اور صوبے کی مجموعی پیداوار میں نمایاں اضافہ ممکن ہے۔ اگر ہم ماضی پر نظر ڈالیں تو ہمیں نظر آئے گا کہ غیر ملکی سرمایہ کاری کی کئی کوششیں پاکستان میں صرف اعلانات تک محدود رہیں۔ کاغذی وعدے، دستخط شدہ یادداشتیں اور خوبصورت تقریریں تو بہت ہوئیں، لیکن عملی میدان میں بہت کم پیش رفت دیکھی گئی۔ تاہم اس بار صورتحال مختلف دکھائی دیتی ہے۔ مریم نواز شریف کی حکومت نے سرمایہ کاری کے فوری نفاذ کے لیے فاسٹ ٹریک اپروچ متعارف کرائی ہے۔ یہ ایک انتظامی انقلابی قدم ہے، جس کے تحت روایتی بیوروکریٹک تاخیر کو کم سے کم کیا جائے گا۔ پنجاب کے عوام کے لیے یہ سرمایہ کاری صرف منصوبے نہیں بلکہ امید کی ایک کرن ہے۔ جب

پنجاب کے قدرتی و معدنی وسائل: مریم نواز شریف کی قیادت میں خواب سے حقیقت تک کا سفر

ہیلتھ کیئر، ایگریکلچر، انڈسٹریل زونز اور ریئل اسٹیٹ میں جوائنٹ وینچر کے بے پناہ امکانات

انڈسٹریل منرلز، زراعت، اور انڈسٹریل زونز میں سرمایہ کاری ہوگی تو دیہات سے شہروں تک روزگار کے نئے دروازے کھلیں گے۔ پنجاب کی نوجوان نسل، جو اس وقت بے روزگاری اور مایوسی کا شکار ہے، انہیں روزگار اور تربیت کے مواقع میسر آئیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک اور پہلو بھی قابل تک بڑھائی جا سکتی ہے۔ خاص طور پر زراعت اور لائیو سٹاک میں سعودی سرمایہ کاری سے پاکستان اپنی فوڈ ایکسپورٹس میں دوگنا اضافہ کر سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی مائنز اینڈ منرلز میں مشترکہ منصوبے، معدنیات کے ذخائر کو عالمی منڈی تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا یہ کہنا بالکل درست ہے کہ پنجاب کے قدرتی وسائل ہمارا اصل خزانہ ہیں، ہمیں ان سے بھرپور فائدہ اٹھانا ہے۔ لیکن راستے پر بڑھ رہے ہیں۔ سعودی سرمایہ کاری محض ڈالرز کا اضافہ نہیں بلکہ ایک نئی سوچ کا آغاز ہے؛ ایک سوچ جس میں خود انحصاری، جدید ٹیکنالوجی، اور عوامی خوشحالی کا راستہ پوشیدہ ہے۔ یہ ایم او یوز مریم نواز کی نگرانی میں جلد عملی شکل اختیار کر جائے گی، فاسٹ ٹریک منصوبے رفتار پکڑتے ہی مریم نواز شریف کی حکومت اس وژن کو سیاسی نعروں سے ہٹا کر حقیقی زمینی حقیقت میں ڈھالنے میں کامیاب ہو جائے گی تو وہ وقت دور نہیں جب پنجاب کا کل آج سے بہت مختلف ہو گا۔ مجموعی طور پر، پنجاب میں پاک-سعودی معاہدے اور سرمایہ کاری کے وعدے ایک اہم موڑ ہیں پاکستان کی ترقی اور علاقائی تعاون کے سنگ میل کے طور پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں جو پالیسیاں متعارف ہوئیں ہیں، وہ وقت کی ضرورت ہیں اور ٹھوس عمل اور مستقل مزاجی کے ساتھ نافذ ہوں تو یہ نہ صرف پنجاب بلکہ پورے پاکستان کے لیے ایک روشن اقتصادی دور کا آغاز ہو سکتا ہے۔

پنجاب کی بیٹی سے عالمی اعتماد تک قیادت، قابلیت اور ترقیاتی سوچ کا روشن استعارہ

اختتامی تجزیہ: پاک سعودی تعاون سے پاکستان کی معاشی خودمختاری اور علاقائی ترقی کی نئی بنیادیں

بہتر بن معاشی ثمرات

یہ اقدامات اور معاہدے مندرجہ ذیل ممکنہ اور فوراً حاصل ہونے والے فوائد کے امکانات لاتے ہیں:

- روزگار کے مواقع میں اضافہ: بڑے صنعتی منصوبے، لائیوسٹاک، مائننگ اور ہیلتھ کیئر انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری سے ہزاروں روزگار پیدا ہونگے، مقامی افراد کو تربیت اور روزگار ملے گا۔
- برآمدات اور تجارتی توازن: سعودی سرمایہ کاری ٹیکس اور کسٹمز مراعات کے ساتھ ٹیکسٹائل، گوشت، غذائی اجناس، معدنیات کی برآمد کو فروغ دے سکتی ہے، جس سے تجارتی خسارے میں کمی ممکن ہے۔
- ٹیکنالوجی کی منتقلی اور مہارت کی بہتری: سعودی تجربہ اور جدید مشینری و ٹریننگ پروگرامز کے ذریعے مقامی صنعت و زراعت میں جدت آئے گی، معیار بلند ہوگا۔
- ریاستی آمدنی اور اقتصادی نمو: اگرچہ ٹیکس چھوٹ ہوگی، مگر مجموعی سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں سے صوبائی اور وفاقی خزانے بالآخر فائدہ اٹھائیں گے۔ انفراسٹرکچر بہتر ہونے سے دیگر سیکٹرز بھی ترقی کریں گے۔
- سماجی اور بنیادی خدمات میں بہتری: ہیلتھ کیئر انفراسٹرکچر، تعلیم، ٹیکنیکل اور ووکیشنل ٹریننگ کی بہتری سے عوامی فلاح و بہبود بڑھے گی۔
- علاقائی اور بین الاقوامی اعتماد میں اضافہ: سرمایہ کاری کی مزید شفاف اور سہل ماحول حکومت پنجاب نے پیدا کیا ہے، جس سے بیرونی سرمایہ کار بھی پاکستان کو ایک قابلِ اعتماد منزل سمجھیں گے۔

فاسٹ ٹریک پالیسی کے تحت سرمایہ کاری کو فوری عملی شکل دینے کا فیصلہ انتظامی عزم اور وژن کا امتزاج

سعودی وفد کا اعتماد اور اطمینان

پاکستان اور سعودی عرب کا تعلق مذہبی، ثقافتی اور تاریخی لحاظ سے بہت گہرا ہے۔ حالیہ برسوں میں اقتصادی تعاون کو بھی بہت آگے لے جانے کی کوششیں ہو رہی ہیں، خصوصاً پنجاب صوبہ حکومت کی طرف سے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سرمایہ کاروں کے لیے قابلِ توسیع مواقع پیدا کرنے، قانونی و انتظامی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور سعودی سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے مخصوص پالیسیاں متعارف کروائی ہیں۔ دنیا کے بدلتے ہوئے معاشی منظرنامے میں جہاں سرمایہ کاری کا رجحان مشرقِ وسطیٰ سے ایشیائی ممالک کی جانب بڑھ رہا ہے، وہاں پنجاب نے ایک غیر معمولی پیش رفت کی ہے۔ بادشاہی مسجد کے عالمگیری دروازے کے سامنے ہونے والی وہ تقریب محض ایک رسمی موقع نہیں تھی، بلکہ پاکستان کے معاشی مستقبل کا ایک ایسا منظر پیش کر رہی تھی جس میں پنجاب کو ایک نئے سرمایہ کاری مرکز کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں حکومت نے حال ہی میں سعودی عرب کے سرمایہ کاروں کے ساتھ تاریخی یادداشتِ مفاہمت (ایم او یو) پر دستخط کیے ہیں۔ یہ صرف کاغذی معاہدے نہیں بلکہ ایک طویل المدت وژن کی جھلک ہے ایک ایسا وژن جس کے ذریعے پنجاب کو جنوبی ایشیا کا اقتصادی حب بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ پنجاب کی معیشت روایتی طور پر زراعت، صنعت اور خدمات کے تین ستونوں پر کھڑی ہے، لیکن گزشتہ دہائیوں میں عدم تسلسل، توانائی بحران، اور انتظامی رکاوٹوں نے ترقی کی رفتار کو سست کر دیا تھا۔ مریم نواز شریف کی قیادت میں ایک بار پھر اس ساکت معیشت میں جان ڈالنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ان کی حکومت کا

لقیہ 1

ہے۔ سردار ارتاز صادق نے کہا کہ پوری قوم پاک افواج کے ساتھ ہے۔ میلاد، دیوالی اور اسٹرکمزی سے کوئی بھی پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری پر حملہ کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ امن و ہم آہنگی کے لیے پاک افواج پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے بعض ادارے اور افراد اسے بے حقیقی ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن و استحکام کے لیے پاک افواج کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے بعض ادارے اور افراد اسے بے حقیقی ثابت کرنے کی کوشش کر رہے

پاکستان بارڈر پر افغانستان کی بلا اشتعال جارحیت کی مذمت

شہری آبادی پر افغان فورسز کی فائرنگ عالمی قوانین اور انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے، اسٹیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق

پوری قوم پاک افواج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہے، کسی کو بھی پاکستان کی سالمیت اور خودمختاری پر حملے کی اجازت نہیں دی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) اسٹیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے پاکستان بارڈر پر افغانستان کی بلا اشتعال جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہری آبادی پر افغان فورسز کی فائرنگ عالمی قوانین اور انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ اسٹیکر سردار ایاز صادق نے پاک افواج کو افغان جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم پاک افواج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہے، کسی کو بھی پاکستان کی سالمیت اور خودمختاری پر حملے کی اجازت نہیں دی جائے گی

سعودی عرب، ایران اور قطر کا پاک افغان سرحدی جھڑپوں پر تشویش کا اظہار

دونوں ممالک سے تحمل، صبر اور بات چیت کے ذریعے مسئلہ حل کرنے کی اپیل

ریاض، تہران، دوحہ (این این آئی) سعودی عرب، ایران اور قطر نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدی جھڑپوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے دونوں ممالک سے تحمل، صبر اور بات چیت کے ذریعے مسئلہ حل کرنے کی اپیل کی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاک افغان بارڈر مصروف حالات پر سعودی حکام نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان (نیوز نمبر 2)

لاہور: کاریہ ڈیزائننگ انسٹی ٹیوٹ کا کارنگ کنڑی پرکالیں تیار کر رہا ہے۔

طالبان سپاہی کی پاک فوج کے سامنے سرنڈر کی ویڈیو سامنے آگئی

ویڈیو میں افغان طالبان کو پاک فوج کے سامنے سرنڈر کرتے دیکھا جاسکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی جانب سے قیدمیں لئی گئی افغان پوسٹ پر طالبان سپاہی کی پاک فوج کے سامنے سرنڈر کرنے کی ویڈیو منظر عام پر آگئی۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان نے (نیوز نمبر 4)

پاکستانی دڑعل کو پاک افغان عوام کے درمیان جنگ نہ سمجھا جائے

یہ جنگ افغانستان میں موجود بھارت پرست شرپسند عناصر کیخلاف ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) سکیورٹی ذرائع نے واضح کیا ہے کہ حالیہ افغان جارحیت اور پاکستان کے رد عمل کو پاکستان اور افغانستان کی عوام کے درمیان جنگ تصور نہ کیا جائے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق بھارت دوطرفہ پالیسی پر عمل پیرا ہے، جو بظاہر تو امن کی بات کرتی ہے مگر اندر سے پاکستان کو عدم استحکام کا شکار بنانا چاہتی ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق

لاہور: سیکرٹری سیاحت، آثار قدیمہ و ثقافت کمرہ ڈاکٹر احسان بھٹہ کالا ہوا میوزیم میں منعقدہ ہیلتھ ڈسکشن کے شرکا و مہمان افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

بچھڑا پال منصوبے میں کروڑوں کی مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف

رجسٹریشن کے اہداف اضلاع میں غیر مساوی تقسیم، مستحق افراد کے بجائے غیر متعلقہ افراد کو منصوبے میں شامل کیا گیا

ایک ہی ٹیگ نمبر کے تحت متعدد جانوروں کا اندراج، جانوروں کی خریداری کیلئے مارکیٹ سے درست تخمینہ ہی نہیں لگایا گیا

لاہور (این این آئی) محکمہ انصاف کے دور حکومت کے بچھڑا پال منصوبے میں کروڑوں روپے کی مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق بچھڑوں کی رجسٹریشن کے اہداف اضلاع میں غیر مساوی طور پر تقسیم کیا گیا جبکہ مستحق افراد کے بجائے غیر متعلقہ افراد کو منصوبے میں شامل کیا گیا۔ لاہور: رجسٹریشن کے عمل میں بڑے پیمانے پر بے قاعدگیاں پائی گئیں، ایک ہی ٹیگ نمبر کے تحت متعدد جانوروں کا اندراج کیا گیا۔ آڈٹ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ جانوروں کی خریداری (نیوز نمبر 6)

راولپنڈی میں پولیس مقابلہ ڈکیت اور کارلفٹر علی شان ہلاک

ملزم علی شان ڈکیتی، قتل اور گاڑی چوری کے درجنوں مقدمات میں ملوث اور مطلوب تھا

راولپنڈی (این این آئی) محکمہ انصاف کے ترجمان کے مطابق ملزم علی شان ڈکیتی، قتل اور گاڑی چوری کے درجنوں مقدمات میں ملوث اور مطلوب تھا۔ ملزم نے سال 2023 میں ڈکیتی کی وارداتیں کی تھیں، جس کے نتیجے میں اغوا کی مطلوب ڈکیت اور کار لفٹر علی شان ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق

ڈینگی کے تابڑ توڑ حملے جاری، 24 گھنٹوں میں 16 کیسز رپورٹ

ڈینگی سرویلنس کے دوران 56920 گھروں کو چیک کیا گیا، ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے گزشتہ 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے 16 نئے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق رواں سال اب تک 14148 افراد کو ڈینگی نمیت عمل کیا گیا، جبکہ رواں سال مشتبہ 948 ڈینگی

شہر میں امن وامان کا تسلسل ہر قیمت پر برقرار رکھا جائے

ڈی آئی جی اسلام آباد کا فیض آباد کا دورہ، امن وامان کی صورتحال کا جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد ثاقب نے فیض آباد کا دورہ کرکے امن وامان کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر محمد جواد ثاقب نے فیض آباد کا دورہ کیا جس میں ان کی معاونت کا ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد محمد یرمان کے ہمراہ ایس ایس پی ایڈمن شعیب خان اور دیگر سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے، ڈی آئی (نیوز نمبر 10)

خلوص ویلفیئر سوسائٹی ویلفیئر ٹرسٹ سیلائی ٹریننگ سینٹر کا افتتاح

کے زیر اہتمام

افتتاحی تقریب میں مختلف سماجی وسیاسی شخصیات نے شرکت کی اور خواتین کو ہنرمند بنانے کے اس اقدام کو سراہا

ایسے تربیتی مراکز نہ صرف خواتین کو روزگار کے مواقع فراہم کرتے ہیں بلکہ خود کفالت کے عمل کو فروغ دیتے ہیں

(نمائندہ عوامی للکار) خلوص ویلفیئر سوسائٹی (رجسٹرڈ) کے زیر اہتمام ویلفیئر ٹرسٹ سیلائی ٹریننگ سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں مختلف سماجی وسیاسی شخصیات نے شرکت کی اور خواتین کو ہنرمند بنانے کے اس اقدام کو سراہا۔ تقریب سے ممتاز چوہدری، مبارک ذیرا، انجم نرود واٹک، ویلفیئر ٹرسٹ سلائی ٹریننگ سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا۔ افتتاحی

خلوص ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام ویلفیئر ٹرسٹ سلائی ٹریننگ سینٹر کا افتتاح کیا جارہا ہے

اٹک خورد میں جی ٹی روڈ کی بندش، عوام شدید مشکلات کا شکار

اٹک خورد کے مقام پر ایک پل کے قریب گزشتہ کئی روز سے بند جی ٹی روڈ بند کر دی گئی ہے، جس کے باعث شہریوں کو سخت پریشانی کا سامنا ہے

سڑک بند ہونے کی وجہ سے راولپنڈی سے پشاور اور پشاور سے راولپنڈی آنے جانے والی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی ہیں

اٹک (ملک یاسر سے) اٹک خورد کے مقام پر اٹک پل کے قریب گزشتہ کئی روز سے جی ٹی روڈ بند کر دی گئی ہے، جس کے باعث شہریوں کو سخت پریشانی کا سامنا ہے۔ موقع پر موجود پولیس افسران سے بند کرنے کی وجہ پوچھی گئی تو ان کا کہنا تھا کہ ہمیں وجہ کا علم نہیں، یہ اوپر سے آرڈر ہے۔ سڑک بند ہونے کی وجہ سے راولپنڈی سے پشاور اور پشاور سے (نیوز نمبر 8)

تحریک لبیک پاکستان کی ریلی کو مدنظر رکھتے ہوئے انتظامیہ نے اٹک پل کے مقام پر بڑے بڑے کنٹینرز لگا کر ہری روڈ کو دونوں اطراف سے بند کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق

چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی جامعہ ضییہ میں نمین ایسوسی ایشن پاکستان کے مرکزی عہدیداران سے حلف لے رہے ہیں

جعلی سفری دستاویزات پر بیرون ملک جانے کی کوشش ناکام، ملزم گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) جعلی سفری دستاویزات پر بیرون ملک جانے کی کوشش ناکام بنا کر پولیس نے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے امیگریشن کوئٹہ کے مطابق مسافر نجیم کمال درک ویزے پر آذربائیجان جا رہا تھا، ملزم کی جانب سے پیش کیا جانے والا پاسپورٹ نمبر ڈ شدہ تھا، پاسپورٹ کے ویزے کے صفحات نمبر ڈ شدہ تھے، دوران تلاشی ملزم کے قبضے سے پولینڈ کا جعلی ویزا اکٹھا برآمد ہوا، ملزم کا تعلق کراچی سے ہے، ایف آئی اے (نیوز نمبر 9)

ایف آئی اے نے لاکھوں روپے کے ویزہ فراڈ میں ملوث انسانی سمگلر گرفتار کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے لاہور زون نے لاکھوں روپے کے ویزہ فراڈ میں ملوث انسانی سمگلر گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کی شناخت میاں ارقان آفتی کے نام سے ہوئی ہے، گرفتار ملزم سادہ لوح شہریوں سے ویزہ فراڈ کرنے میں ملوث پایا گیا ہے، ملزم نے شہری کو معاہدہ ملازمت کا جھانسہ دے کر 31 لاکھ سے زائد روپے بھتیاے، ملزم شہری کو بیرون ملک بھجوانے میں ناکام رہا اور (نیوز نمبر 2)

وفاقی دارالحکومت میں ڈینگی کے 28 نئے کیسز رجسٹر

شہری لاروا کی موجودگی کی فوری اطلاع ضلعی کنٹرول روم کو فراہم کریں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈینگی کے 28 نئے کیسز رجسٹر ہوئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں ڈینگی وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے صفائی انتظامیہ کی انسدادی سرگرمیوں جاری ہیں، گزشتہ ایک روز کے دوران شہریوں میں 24,603 مقامات کی آگاہی کی مہم کے تحت 179 گھروں (نیوز نمبر 21)

پاکستان کسی صورت اسرائیل کو تسلیم نہیں کرے گا

اسرائیل ایک ناجائز ریاست ہے، جسے تسلیم کرنا نہ صرف فلسطینی عوام سے غداری ہے، مرکزی رہنما نظریاتی پاکستان پارٹی

مہنگائی اپنے عروج پر ہے، عام آدمی کا جینا دوبھر ہو چکا ہے، دو دو قریشی و دیگر کی ایبٹ آباد پریس کلب میں پریس کانفرنس

ایبٹ آباد (ذیشان نذیر اعوان) نظریاتی پاکستان پارٹی کے مرکزی رہنما دو دو قریشی نے ایبٹ آباد پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک نظریاتی پارٹی کا ایک بھی کارکن زندہ ہے، پاکستان کی صورت اسرائیل کو تسلیم نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل ایک ناجائز ریاست ہے، جسے تسلیم کرنا نہ صرف فلسطینی عوام سے غداری ہے بلکہ پاکستان کے آئینی اور نظریاتی تشخص کے بھی خلاف ہے۔ دو دو قریشی نے موجودہ وفاقی حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے (نیوز نمبر 23)

نظریاتی پاکستان پارٹی کے مرکزی رہنما دو دو قریشی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ملکی سلامتی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا

پاک فوج کی کارروائیوں کی بھرپور حمایت کرتے ہیں، صدر اسلام آباد چیمبر آگے کامرس

اسلام آباد (این این آئی) صدر اسلام آباد چیمبر آگے کامرس سردار طاہر نے کہا ہے کہ ملکی سلامتی اور خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، پاک افغان سرحدی کشیدگی کے معاملے پر پاک فوج کی کارروائیوں کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ اقوار جاری (نیوز نمبر 2 4)

آئی جی اسلام آباد کا شہر کے مختلف مقامات کا دورہ

ڈیوٹی پر مامور افسران وجوانوں سے ملاقات، حوصلہ افزائی کی

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے شہر کے مختلف مقامات کا دورہ کرکے ڈیوٹی پر مامور اسلام آباد پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران وجوانوں سے ملاقات کی اور حوصلہ افزائی کی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے ڈیوٹی پر مامور افسران اور دیگر پولیس ودیگر قانون (نیوز نمبر 2 5)

رائے وظ: امین پورہ میں ریلے پر چالک نہ ہونے کی وجہ سے ایک شہری موٹر سائیکل کے ہمراہ ریلے کے نیچے مجبور کر رہا ہے

15 سال سے نیب کو مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) 15 سال سے نیب کو مطلوب اشتہاری ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ ایف آئی اے امیگریشن کی کراچی انٹرپورٹ پر بڑی کارروائی کے دوران نیب کو مطلوب اشتہاری ملزم کو کراچی انٹرپورٹ سے گرفتار کرلیا۔ ملزم کا سرائر الحسنان کو پیڈیٹ سے کراچی انٹرپورٹ پہنچا تھا، ملزم کا نام اسٹاپ لسٹ میں شامل تھا، ملزم نیب کو گزشتہ 15 سال سے مطلوب تھا، ملزم نے گرفتاری سے بچنے کے لئے بنکاک کا پاسپورٹ اور ریٹیوٹ کارڈ استعمال کیا، ملزم کے (نیوز نمبر 2 6)

راولپنڈی و اسلام آباد میں تیسرے روز بھی سٹرکیں بند

موبائل ٹریفک سروس جزوی بحال

مختلف شاہراہوں اور داخلی راستوں کی بندش کے سبب شہریوں کو آمدورفت میں سخت مشکلات، میٹرو بس سروس بدستور تاحکم ثانی معطل

ایم 2 میٹرو سے لاہور تا اسلام آباد ٹریک کے لیے کھول دی گئی جس کے بعد ٹریفک کی آمدورفت معمول کے مطابق جاری رہی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد اور راولپنڈی (این این آئی) بڑی شاہراہوں اور داخلی راستوں کی بندش کے سبب شہریوں کو آمدورفت میں سخت مشکلات کا سامنا رہا، جبکہ میٹرو بس سروس بدستور تاحکم ثانی معطل ہے۔ (نیوز نمبر 8)

اسلام آباد پولیس میں محکمانہ ترقیوں کا آغاز

201 نشیبلز کو ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس میں محکمانہ ترقیوں کا آغاز کر دیا گیا، 201 کنسٹیبلز کو ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی دیدی گئی جن کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی دلچسپی اور اقدامات پر اسلام آباد پولیس میں بڑے پیمانے پر محکمانہ ترقیوں کا آغاز کر دیا گیا ہے، اس سلسلے میں آئی جی اسلام آباد کی خصوصی ہدایت پر محکمانہ پروموشن کیلئے خالی سیٹوں پر میرٹ اور شفافیت پر پروموشن کے سلسلے میں مختلف اجلاسوں کا انعقاد کیا، جس میں سینئر افسران نے معیار پر پورا اترنے والے مختلف رینکس کے افسران کے محکمانہ پروگراز اور دیگر پیشہ ورانہ صلاحیتوں (نیوز نمبر 2 7)

مارکیٹ سے بہتر طریقہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website
Price: 6000/-

Call / Whatsapp
0309-7900035

سابق وفاقی وزیر مہاوں اختر خان علیزئی اے 97 کے دورہ کے موقع پل علاقہ سے ملاقات کر رہے ہیں۔

پنجاب اسمبلی کا اہم اجلاس آج، لوکل گورنمنٹ منظوری کیلئے ایجنڈے میں شامل

حکومتی اراکین کو ایوان میں سو فیصد حاضری یقینی بنانے کی ہدایات جاری کردی گئیں

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کا اجلاس تین روز کے وقفے کے بعد آج (پیر) صبح دس بجے شروع ہوگا، حکومت نے لوکل گورنمنٹ اور کوآج ایوان میں منظور کرانے کا فیصلہ کیا ہے جس کے لئے اراکین کو سو فیصد حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے پنجاب لوکل گورنمنٹ بل 2025 کو ایجنڈے میں شامل کر (نیوز نمبر 3)

اعجاز احمد چوہدری کی سزا کے خلاف اپیلوں پر سماعت آج ہوگی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں تحریک انصاف کے سینئر رہنما اعجاز چوہدری کی 9 مئی کے مقدمات میں سنائی گئی سزاؤں کے خلاف دائر اپیلوں پر سماعت آج (پیر) 13 اکتوبر کو ہوگی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سید شہزاد علی رضوی اور جسٹس طارق محمود باجوہ پر مشتمل دو رکنی بنچ درخواستوں پر سماعت کرے گا۔ پنجاب حکومت کی جانب (نیوز نمبر 3)

قبائلی عوام کا دہشت گردوں کے خلاف ہتھیار اٹھانے کا اعلان

حیران شاہ (این این آئی) قبائلی عوام نے افغانستان کی جانب سے کیمر پختونخوا میں دراندازی کرنے والے دہشت گردوں کے خلاف ہتھیار اٹھانے کا اعلان کردیا۔ پشتو میں آڈیو پیغام میں کہا کہ افغان دہشت گردوں کے خلاف وہ پاک فوج کیساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ قبائلی عوام نے کہا کہ وطن کا دفاع ہم پر فرض ہے اور ہم اس کا دفاع کرنا جانتے ہیں، پہلے بھی دہشت گردوں کو سبق سکھایا تھا اور اب بھی سبق سکھائیں گے۔ قبائلی عوام نے کہا کہ پاک فوج کے ساتھ مل کر ان کی سازشیں ناکام کردیں گے، یہ وطن ہمارا ہے اور اسکا دفاع ہمارا فرض ہے۔

مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس 27 اکتوبر کو ہوگا

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس 27 اکتوبر کو منعقد ہوگا۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے پریس ریلیز کے ذریعے مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس کے فیصلوں سے آگاہ کیا جائے گا۔ مذکورہ اجلاس رواں مالی سال کا تیسرا اجلاس ہوگا۔

لاہور: خانہ بدوش بچیاں بادامی باغ سبزی منڈی میں دکانداروں کی جانب بھائی کے بعد بھیگنے کی سبزیاں اکٹھی کر رہی ہیں

پاکستان اور چین کے درمیان 5 ارب یوآن کے آبی تحفظ کے معاہدے پر دستخط

بیجنگ پاکستان کو اسمارٹ اور موسمیاتی تبدیلیوں سے ہم آہنگ انفراسٹرکچر کی تعمیر پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی سالگھوں کیلنگی اور چین کی شانگی دارڈ ڈویلپمنٹ اینڈ کنسٹرکشن گروپ کے درمیان 5 ارب یوآن کے آبی تحفظ کے معاہدے پر دستخط ہوگئے، یہ تعاون پاکستان کے آبی نظم ونسق کے شعبے میں خاص طور پر آبپاشی کے بنیادی انفراسٹرکچر اور موسمیاتی تبدیلیوں جیسے اہم چیلنجز سے نمٹنے کے حوالے سے بڑی پیشرفت کا پیش خیمہ ثابت ہوگا۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق معاہدے کے تحت، دونوں ممالک مشترکہ طور پر دستخط ہوگئے، یہ تعاون پاکستان کے آبی نظم ونسق کے شعبے میں خاص طور پر آبپاشی کے بنیادی انفراسٹرکچر اور موسمیاتی تبدیلیوں جیسے اہم چیلنجز سے نمٹنے کے حوالے سے بڑی پیشرفت کا پیش خیمہ ثابت ہوگا۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق معاہدے کے تحت، دونوں ممالک مشترکہ طور پر کام کریں گے۔ اس شراکت داری پر آبپاشی کے بنیادی انفراسٹرکچر کی جدید انجینئرنگ مہارت اور پاکستان کی زمینی صلاحیتوں کو یکجا کیا جائے گا تاکہ زلزالی تحفظ اور پائیدار ترقی کے لیے اہم فرسودہ انفراسٹرکچر کو جدید بنایا جاسکے۔

بلا اشتعال دراندازی کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیا، عبدالعلیم

ثابت ہوگیا خطے میں کشیدگی کے پیچھے بھارتی ہاتھ ہی کارفرما ہے، وفاقی وزیر مواصلات

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر افواج پاکستان کیلئے تہنیتی پیغام جاری کیا کہ پاک فوج نے بلا اشتعال دراندازی کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیا، بیرونی جارحیت (نیوز نمبر 5)

بھارتی ہاتھ ہی کارفرما ہے، وفاقی وزیر مواصلات

بھارتی ہاتھ ہی کارفرما ہے، عبدالعلیم خان نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر افواج پاکستان کیلئے تہنیتی پیغام جاری کیا کہ پاک فوج نے بلا اشتعال دراندازی کرنے والوں کو منہ توڑ جواب دیا، بیرونی جارحیت (نیوز نمبر 5)

لاہور: خانہ بدوش خاتون گھر والوں کا پیٹ پالنے کیلئے سبزی فروخت کرنے کیلئے بیٹھی ہے۔

رنگ روڈ پر رکشے پر فائرنگ، اسٹیج ڈانسر منیبہ شاہ جاں بحق

رکشے کا ڈرائیور زخمی ہوا جسے طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا ہے، پولیس ملزمان فرار

پشاور (این این آئی) پشاور میں فائرنگ کے نتیجے میں اسٹیج ڈانسر منیبہ شاہ کو قتل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق رنگ روڈ پر ہاتھ مار فرار ہوگئے، شاہد بیج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی گئی ہے۔

لاہور: لڑکیاں انارکوٹ میں لگائے گئے سٹالز پر کتابیں دیکھ رہی ہیں۔

قومی انسداد پولیو مہم کا آج سے آغاز

ساڑھے 4 کروڑ سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر

لاہور (این این آئی) قومی انسداد پولیو مہم آج (پیر) سے شروع ہوگی جس کے لئے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ 13 سے 19 اکتوبر تک جاری رہنے والی مہم کے دوران 4 کروڑ 50 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے جبکہ بچوں کی قوت مدافعت بڑھانے کے لیے وٹامن اے کی اضافی خوراک بھی دی جائے گی۔ ترجمان کے مطابق 13 اکتوبر سے شروع ہونے والی مہم کے دوران 4 لاکھ سے زائد کوریت یافتہ پولیو ورکرز اپنی ذمہ داریاں انجام دیں گے۔ پنجاب میں 2 کروڑ 30 لاکھ سے (نیوز نمبر 6)

زراعت ترقی کرے گی تو معیشت کا پہیہ چلے گا، ہمایوں اختر

پنجاب حکومت کا کسانوں تک براہ راست امداد پہنچانے کا اعلان خوش آئند ہے

فیصل آباد (نامہ نگار) (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ کسان کیلئے آواز اٹھانا اپنا فرض سمجھتے ہیں، زراعت ترقی کرے گی تو معیشت کا پہیہ چلے گا، سیاب کے دنوں میں وعدہ کیا تھا کہ کسانوں کے بھی اپنا حصہ ڈال رہی (نیوز نمبر 7)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پیشہ ور علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

راولپنڈی میں 2 مشکوک افراد سے 2 کلو چرس برآمد

ملزمان کو حراست میں لے کر مقدمہ درج کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں 2 مشکوک افراد سے 2 کلو چرس برآمد کرلی گئی۔ ملزمان کو حراست میں لے کر مقدمہ درج کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی میں 2 مشکوک افراد سے 2 کلو چرس برآمد کرلی گئی۔ ملزمان کو حراست میں لے کر مقدمہ درج کرلیا گیا۔ (نیوز نمبر 8)

جعلی پرمٹس کے ذریعے گندم مہنگے داموں فروخت کرنے کی کوشش ناکام، بنادی گئی

لاہور (این این آئی) جعلی پرمٹس کے ذریعے گندم مہنگے داموں فروخت کرنے کی کوشش ناکام بنادی گئی۔ ایکسیز کے جواب میں پاک فوج کی کامیاب جوابی کارروائی پر وزیر ریلے نے خراج تحسین پیش کیا۔ اپنے بیان میں وزیر ریلے محمد عتیف عباسی نے کہا کہ پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتا ہے، ہمارے جوانوں نے ایک بار پھر ثابت کردیا کہ کسی کی پاکستان کی سلامتی پامال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کو پاکستان کی 44 سالہ خدمات کو تسلیم کرنا چاہیے۔

افغانستان کو پاکستان کی 4 سالہ خدمات کو تسلیم کرنا چاہیے، حنیف عباسی

لاہور (این این آئی) افغانستان کی اشتعال انگیزی کے جواب میں پاک فوج کی کامیاب جوابی کارروائی پر وزیر ریلے نے خراج تحسین پیش کیا۔ اپنے بیان میں وزیر ریلے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتا ہے، ہمارے جوانوں نے ایک بار پھر ثابت کردیا کہ کسی کی پاکستان کی سلامتی پامال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کو پاکستان کی خدمات کو تسلیم کرنا چاہیے۔

شہر میں امن وامان کا تسلسل ہر قیمت پر برقرار رکھا جائے

ڈی آئی جی اسلام آباد کا فیض آباد کا دورہ، امن وامان کی صورتحال کا جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد ثاقب نے فیض آباد کا دورہ کرکے امن وامان کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر محمد جواد ثاقب نے فیض آباد کا دورہ کیا جس میں ان کی معاونت کا ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد محمد یرمان کے ہمراہ ایس ایس پی ایڈمن شعیب خان اور دیگر سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے، ڈی آئی (نیوز نمبر 10)